وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ کی ہمشیرہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

سید قائم علی شاہ اور دیگر سوگوار لواحقین سے الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔16فروری 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ کی ہمشیرہ بی بی ارشاد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

دہشت گردی کی بڑی بڑی کارروائیوں میں ملوث مذہبی انتہا پسند دہشت گردوں کی گرفتاری پر آئی جی سندھ صلاح الدین بابر خٹک، سی سی پی او کراچی وسیم احمد اور دہشت گردوں کو پکڑنے والے تمام پولیس اہلکاروں کو ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین منگھوپیر آپریشن میں حصہ لینے والے تمام پولیس افسران واہلکاروں کو جرات وہمت اور بہادری کا مظاہرہ کرنے پر تعریفی اسناد اور انعامات سے نوازا جائے۔الطاف حسین کا وزیراعلیٰ سندھ اور وزیر داخلہ سے مطالبہ

لندن۔۔۔16 فروری 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے علاقے منگھوپیر سے دہشت گردی کی بڑی بڑی کارروائیوں میں ملوث مذہبی انتہا پسند دہشت گردوں کی گرفتاری پر آئی جی سندھ صلاح الدین بابر خٹک، سی سی پی او کراچی وسیم احمد اور دہشت گردوں کو پکڑنے والے تمام پولیس اہلکاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ منگھوپیر آپریشن میں حصہ لینے والے تمام پولیس افسران واہلکاروں کو جرات وہمت اور بہادری کا مظاہرہ کرنے پر تعریفی اسناد اور انعامات سے نوازا جائے ۔ جناب الطاف حسین نے امید ظاہر کی کہ کراچی پولیس کے افسران واہلکار اپنے شہر کو دہشت گردوں کی کارروائیوں سے محفوظ رکھنے کیلئے اسی طرح مستعدی، جرات وہمت اور بہادری کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔

جمعیت طلبہ اسلام کراچی ڈویژن کی شوریٰ کے رکن عبدالرحیم بلیدی کی درجنوں ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

کراچی۔۔۔16فروری 2009ء

ساٹھ سال سے ملک کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں نے اپنے مذموم مقاصد اور ذاتی مفادات کیلئے عوام کو اقتدار حاصل کرنے کیلئے استعمال کیا، یہ عناصر جو انگریزوں کے مراعات یافتہ کرپٹ استحصالی نظام کے پروردہ ہیں اور ملک کے اٹھانوے فیصد حقوق سے محروم عوام کے غاصب ہیں ۔ یہ بات گذشتہ روز گلستان مزدور یونٹ اور مشرف کالونی یونٹ ماری پور سیکٹر میں کارکنان کی ایک تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج یوسف منیر شیخ، اراکین عارف حید اور رسید معین الدین نے کہی۔انہوں نے کہا کہ آگر آپ کو اس ظالم اور جابر استحصالی ٹولے سے نجات حاصل کرنی ہے تو ہمیں بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر کو تمام رنگ ونسل سے بالاتر ہوکر عملی طور پر اس کی جدوجہد کرنا ہوگی ۔اس موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریات اور تعلیمات سے متاثر ہوکر گلستان مزدور یونٹ میں یوسف گوٹھ کے رہائشی عبدالرحیم بلیدی جو کہ جمعیت طلبہ اسلام کراچی ڈویژن کی شوریٰ کے رکن تھے،انہوں نے اپنی اس رکنیت سے استعفیٰ دے کر درجنوں ساتھیوں کے ساتھ ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔

کراچی میں طالبان بڑی تعداد میں منظم ہورہے ہیں، پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی

کراچی۔۔۔16فروری2009ء۔۔۔کراچی میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کے حوالے سے گزشتہ روز گلبرگ ٹاؤن اور لیاقت آباد ٹاؤن میں ایم کیوایم کی پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام مختلف مقامات پرکارنر میٹنگ منعقد کی گئیں۔اس سلسلے میں ایک کارنر میٹنگ یوسی 12 سولجر بازار ڈولی کھاتہ میں منعقد کی گئی جس میں پی پی اوسی کے پول سی کے مرکزی ذمہ داران اشرف اوکزئی ،محمد معروف حسین اور فضیل اسلم رانا نے شرکاءکوکراچی میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن سے آگاہ کیااور بتایا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کافی عرصہ سے عوام کوخبردارکررہے تھے کہ کراچی میں طالبان منظّم ہورہے ہیں مگراس وقت اس بات کوکوئی تسلیم نہیں کررہا تھا جبکہ دیگر سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماءایم کیوایم کو یہ طعنہ دے رہے تھے کہ ایم کیوایم طالبان سے خوفزدہ ہے اوراسے طالبان فوبیا ہوگیا ہے لیکن آج سب تسلیم کررہے ہیں کہ کراچی میں طالبانائزیشن واقعتاً ہورہی ہے اور درجنوں طالبان اسلحہ سمیت کراچی کے مختلف علاقوں سے پولیس کی چھاپہ مار کاروائیوں کے دوران پکڑے بھی گئے ہیں۔پنجابی پختون آرگنازیشن کے ذمہ داران نے شرکاءکو مشورہ دیا کہ اپنے اپنے علاقوں پرکڑی نگاہ رکھیں اوراگر کوئی شخص مشکوک سرگرمیوں میں نظرآئے تواس کی فوری اطلاع علاقے کے تھانہ میں دی جائے۔

نیوکراچی سیکٹر یونٹ 140-B اورشاہ فیصل سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔ 16فروری2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نیوکراچی سیکٹر یونٹ 140-B کے ایلڈرونگ کے یونٹ انچارج منصورعلی اورسابقہ یونٹ انچارج یوتھ ونگ معمورعلی صدیقی کی والدہ محترمہ سعیدہ بی بی اورشاہ فیصل سیکٹر یونٹ 104 کے کارکن بابر خان کی والدہ رئیسہ بیگم کے انتقال پراپنے گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کواپنے جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(امین)۔

☆☆☆☆☆